مسائل کو حل کرنا

ایک

گاڑی کی خریداری میں

گاڑی کی خریداری میں مسائل کے سدباب کا سب سے بہتر طریقہ یہ ہے کہ خریداری سے پہلے زیادہ سے زیادہ معلومات حاصل کریں۔ اگر آپ کو اپنی خریداری کے معاہدے یا گاڑی کی ہسٹری کو ظاہر کرنے کے بارے میں مسئلہ ہے، تو آپ یہ قدم اٹھا سکتے ہیں۔

Motor Vehicle Dealers Compensation Fund

موٹر وہیکل ڈیلرز کمپنسیشن فنڈ

اونٹاریو میں گاڑی خریدنے والوں کے لیے مالیاتی تحفظ

موٹر وہیکل ڈیلرز کمپنسیشن فنڈ، انڈسٹری کا فنانس کردہ فنڈ ہے جو ان صارفین کا نقصان پورا کرتا ہے جنہیں اونٹاریو میں رجسٹرڈ گاڑیوں کے ڈیلر کے ساتھ لین دین میں مالی نقصان ہوا ہو۔

موٹر وہیکل ڈیلرز کمپنسیشن فنڈ کی طرف سے فراہم کردہ زیادہ سے زیادہ رقم 45,000 ڈالر فی گاڑی کی فروخت ہے۔

موٹر وہیکل ڈیلرز کمپنسیشن فنڈ کا انتظام اونٹاریو موٹر وہیکل انڈسٹری کونسل (OMVIC) کرتی ہے جو کہ اونٹاریو میں گاڑیوں کی فروخت کی صنعت کی نگران ہے۔

Motor Vehicle Dealers Compensation Fund

ہم سے رابطہ کریں

موٹر وہیکل ڈیلرز کمپنسیشن فنڈ

فون: 1-800-943-6002 ایکسٹینشن 3661

فیکس: 416-226-9406

ویب سائٹ: omvic.on.ca

ای میل: compfund@omvic.on.ca

کلیم کا طریقہ کار

آپ اپنی درخواست مکمل کر کے جمع کروائیں۔

اگر آپ نے تمام دیگر اختیارات کا استعمال بغیر کامیابی کے کر لیا ہے تو ہم سے رابطہ کریں یا ہماری ویب سائٹ (omvic.on.ca) پر جائیں اور کلیم پیکیج ڈاون لوڈ کریں۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ ہدایات پر عمل کریں اور تمام فارمز کو پوری طرح مکمل کریں۔

ہم بورڈ آف ٹرسٹیز کے لیے آپ کا کلیم تیار کرنے میں مدد کریں گے۔

جب آپ اپنا کلیم داخل کریں گے تو ہم آپ کی درخواست کا دوبارہ سے جائزہ لیں گے، اس بات کا تخمینہ لگائیں گے کہ آپ معیار پر پورے اترتے ہیں اور آپ کے کلیم کو بورڈ آف ٹرسٹیز کے آخری غور و فکر کے لیے تیار کریں گے۔

بورڈ آف ٹرسٹیز آپ کے کلیم کا جائزہ لے گا۔

بورڈ آف ٹرسٹیز کلیموں کا جائزہ لینے کے لیے سال میں کئی بار اکٹھا ہوتا ہے۔ زیادہ تر منظور شدہ کلیم کو آخری فیصلہ کیے جانے کے بعد جلد ہی پورا کر دیا جاتا ہے۔

آپ کو آخری فیصلے اور آپ کے اپیل کے حق (اگر ضروری ہو) سے آگاہ کر دیا جاتا ہے۔

اگر آپ بورڈ آف ٹرسٹیز کے آخری فیصلے سے اتفاق نہیں رکھتے تو آپ اس کے خلاف خودمختار بورڈ کے پاس اپیل دائر کر سکتے ہیں جسے لائسنس اپیل ٹریبونل کہا جاتا ہے۔

جب آپ کو بورڈ کا فیصلہ وصول ہو گا تو آپ کو آپ کے اپیل کے حقوق کے بارے میں بھی بتا دیا جائے گا۔

آپ کی تین اقدامات کی گائڈ

پہلا قدم

اپنے مسئلے کے بارے میں اپنے ڈیلر سے بات کریں

BUY with CONFIDENCE
ONTARIO
Registered Dealer
omvic.on.ca

اگر آپ کا خیال ہے کہ گاڑی کی خریداری کے ساتھ آپ کو کوئی مسئلہ ہے، تو پہلے اس ڈیلر سے رابطہ کریں جس نے آپ کو گاڑی بیچی تھی۔ کچھ مسائل صرف ایک سادہ غلط فہمی ہی ہوتے ہیں۔ ڈیلروں کی اکثریت آپ کی تشویش یا مسائل کو حل کرنے کے لیے آپ کے ساتھ براہ راست کام کرے گی کیونکہ ان کی نگرانی موٹر وہیکل ڈیلرز ایکٹ، (MVDA 2002) کرتا ہے جسے کا انتظام اونٹاریو موٹر وہیکل انڈسٹری کونسل (OMVIC) کرتی ہے۔ ڈیلروں کو OMVIC کے ضابطہ اخلاق کی پیروی کرنی ہوتی ہے۔

اپنے تمام معاہدوں، رسیدوں، انوائسز، چیکوں اور کریڈٹ کارڈ کی سٹیٹمنٹس کا ریکارڈ اور نقول رکھیں۔

اگر آپ نتائج سے مطمین نہ ہوں تو اور بھی طریقہ علاج ہے۔ دوسرے قدم پر جائیں۔

نوٹ

مالی معاوضہ کے لئے اہل ہونے کے لیے معاملات کا مخصوص معیار پر پورا اترنا ضروری ہے۔

آپ کے دعوی کی تصدیق کے لیے شواہد ہونے چاہیں۔ اپنی خرید و فروخت کا تفصیلی ریکارڈ اور فائلیں رکھیں۔

ڈیلر کی طرف سے گاہک کو رقم کی واپسی سے انکار یا نااہلیت کے دو سال کے اندر دعوی دائر کر دیا جانا چاہیے۔

دوسرا قدم

معلومات اور مدد کے لیے OMVIC سے رابطہ کریں

OMVIC موٹر وہیکل کی فروخت کی صنعت کی نگرانی کرتی ہے اور آپ کے مسائل کو حل کرنے میں مدد فراہم کر سکتی ہے۔ اگر مسئلہ کو حل نہ کیا جا سکے، تو ہو سکتا ہے کہ آپ موٹر وہیکل ڈیلرز کمپنسیشن فنڈ سے مالی امداد کے اہل ہو سکیں۔

موٹر وہیکل ڈیلرز کمپنسیشن فنڈ کو اہل صارفین کو ایسے مالی نقصان کے لیے امداد فراہم کرنے کے لیے قائم کیا گیا تھا جو اونٹاریو میں رجسٹر شدہ ڈیلر سے گاڑی خریدنے کے باعث ہوا ہو۔

اگر آپ مخصوص شرائط پر پورے اترتے ہیں اور مسئلہ ابھی تک حل نہیں ہوا ہے، تو تیسرے قدم پر جائیں۔

OMVIC

موٹر وہیکل ڈیلرز کمپنسیشن فنڈ صرف اونٹاریو میں رجسٹرڈ شدہ ڈیلروں اور سیلز پرسنز کے ساتھ خرید و فروخت پر ہی لاگو ہوتا ہے۔

تیسرا قدم

کلیم درخواست پیکیج داخل کریں

اگر آپ مالی امداد کے لیے درخواست کریں تو اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ نے تمام فارم درست طریقے سے مکمل کیے ہیں اور انہیں دستخط اور تصدیق کے ساتھ واپس کریں۔ مکمل اور درست درخواست کو بورڈ آف ٹرسٹیز کی اگلی میٹنگ میں زیرغور لایا جائے گا۔ آپ کی درخواست پر بورڈ آف ٹرسٹیز غور کرے گا جو صنعت اور صارفین کے نمائندوں پر مشتمل ہو گا۔

ڈاون لوڈ

کلیم درخواست کا پیکیج یہاں سے ڈاون لوڈ کریں omvic.on.ca یا BuyWithConfidence.ca